DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.01.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بھٹو شہید نے بلوچستان کے حقوق کے تحفظ کیلئے ٹھوس فیصلے کئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان میں رہشتگردوں کو شکست دیئے بغیر نہیں بیٹھیں گے، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | جام شہادت نوش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے جوان ہمارے ہیرو ہیں، میاں خان بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | معصوم افراد کو نشانہ بنانا کسی صورت قبول نہیں، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | عوامی مسائل کے حل کیلئے صلاحتیں بروئے کار لاؤں گا، سردار کوہیار ڈومکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ملک دشمن عناصر کبھی اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | فورسز کی قربانیوں کو عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | تعلیمی ترقی کے اہم منصوبوں پر جلد کام شروع ہوگا، علی حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو ریلیف ملے گا، نسیم الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | صحت وتعلیم کے ملازمین سیاسی سرگرمی یا ٹریڈ یونین نہیں کر سکتے، ہائیکورٹ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ادارے حملے کی تفتیش کر کے عوام کو مطمئن کریں، عبدالخالق ہزارہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | شہید بھٹو کی خدمات پاکستان کی تاریخ کا روشن باب ہیں، نواب زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | شاہرگ سے اغواء ہونے والا تاجر بازیاب کرایا جائے، این ڈی ایم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | جمہوریت اور الیکشن ملک میں ڈھونگ بن چکا ہے، جے یو آئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | وفاقی حکومت بلوچستان کے ساحل وسائل لوٹ رہی ہے، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | ضمنی الیکشن میں پیپلز پارٹی کی کامیابی ترقی پسند سوچ کی عکاس ہے، عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

خضدار تین سال سے لاپتہ قادر سالانی کا راز کھل گیا دوست ہی قاتل نکلے، واشک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی وی اہلکار شہید

## عوامی مسائل:

کوئٹہ ایک بار پھر منشیات کی آماجگاہ میں تبدیل، نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر، خضدار میں مہنگائی کا جن بے قابو مرغی فی کل 800 روپے ہوگئی، قلات میں خون جمادینی والی سردی بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ گیس کی مکمل غائب،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 06.01.2025

**اداریہ :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**اغواء ہونے والے لوگوں کی بازیابی کیلئے سنجیدگی سے اقدامات کر رہے ہیں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانے اور مغوی مصور کاکڑ اور شعبان سے اغواء ہونے والے لوگوں کی بازیابی کیلئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات اٹھا رہی ہے کیونکہ یہ ایک حساس معاملہ ہے مصور کاکڑ کے والد سے رابطے میں ہوں جبکہ شعبان سے اغواء ہونے والوں کی ذمہ داری کالعدم تنظیم نے قبول کی ہے بلوچستان میں پولیس اور لیویز دو متوازی فورس کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ احتجاج کرنے والوں کو ایک موقع بات چیت کرنے کا دیتے ہیں اور ہم قانون کے مطابق اختیارات کو استعمال کرنا جانتے ہیں بلوچستان میں پولیس اور لیویز دو متوازی فورس کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کیحوالے سے صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا ہوگا۔

**اداریے :**

روزنامہ، میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت عوامی مفاد میں فیصلے کریگی !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان اسمبلی لیویز ختم بی ایریا کو ایریا میں ضم کی قرارداد کمیٹی داخلہ کے سپرد**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "NGIA wings of change and bridging frontiers" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | پیر 6 جنوری 2025ء 5 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 6


وزیر اعلیٰ بلوچستان

# بھٹو شہید نے بلوچستان کے حقوق کے تحفظ کیلئے ٹھوس فیصلے کئے

## بھٹو شہید نے پاکستان میں جمہوریت کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں ذوالفقار علی بھٹو کا وژن آج بھی ہماری رہنمائی کرتا ہے

## بھٹو شہید نے محروم طبقات کو سیاسی شعور دیا، ذوالفقار علی بھٹو نے قومی یکجہتی اور خودمختاری کے لیے مثالی کردار ادا کیا بھٹو شہید کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کی عوامی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں بھٹو شہید نے پاکستان میں جمہوریت کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں ذوالفقار علی بھٹو کا وژن آج بھی ہماری رہنمائی کرتا ہے بھٹو شہید نے محروم طبقات کو سیاسی شعور دیا، ذوالفقار علی بھٹو نے قومی یکجہتی اور خودمختاری کے لیے مثالی کردار ادا کیا بھٹو شہید کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ذوالفقار علی بھٹو کی جدوجہد پاکستان کی تاریخ کا سنہری باب ہے بلوچستان کی ترقی کے لیے بھٹو شہید کے اقدامات ناقابل فراموش ہیں ذوالفقار علی بھٹو نے بلوچستان کے حقوق کے تحفظ کے لیے ٹھوس فیصلے کیے بلوچستان کے عوام کے لیے بھٹو شہید کی محبت ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqb
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

# CM Bugti pays tribute to ZAB on 97th birth anniversary

**Staff Report**

QUETTA: The Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti said that Shaheed Zulfikar Ali Bhutto provided strong foundations for democracy in Pakistan as Bhutto's vision continues to guide us even today.

In his message on the occasion of the 97th birth anniversary of the founder of the Pakistan People's Party, Shaheed Zulfikar Ali Bhutto, said that Zulfikar Ali Bhutto was a leader in Pakistan's history who always made the welfare of the people his top priority.

Mir Sarfraz Bugti pays tribute to the public services of Zulfikar Ali Bhutto and added that under his leadership, Pakistan received its first consensus-based constitution, and the people were made aware of their rights.

The Chief Minister added that Zulfikar Ali Bhutto not only won the hearts of the people of Pakistan but also had a special love and attachment to the people of Balochistan.

He made the restoration of Balochistan's rights and the development of its projects a priority of his government, which marked the beginning of a new era of development in the province.

Mir Sarfraz Bugti added, "Bhutto Shaheed gave political awareness to the marginalized communities. He played an exemplary role in promoting national unity and sovereignty."

Mir Sarfraz Bugti further said that Shaheed Zulfikar Ali Bhutto showed a keen interest in providing employment, education, and healthcare opportunities for the people of Balochistan. His vision and love for the people instilled confidence and a desire for progress among the people of Balochistan.

The Chief Minister emphasized that we need to adopt Zulfikar Ali Bhutto's people-centric policies and vision to put the country, especially Balochistan, on the path to prosperity.

Sarfraz Bugti said that Bhutto's spirit of public service will always remain an inspiration for us. The Chief Minister described the services of Zulfikar Ali Bhutto as a golden chapter in the country's history and said that his sacrifices will always be remembered.

Moreover, Pakistan People's Party (PPP) leaders in Quetta commemorated the 97th birth anniversary of Shaheed Zulfikar Ali Bhutto on Sunday, reaffirming their commitment to upholding his ideals.

Addressing a cake-cutting ceremony at the PPP Quetta Division office, leaders including Khair Muhammad Tareen (Quetta Division President), Naeem Baloch (Rakhshan Division President), and Mir Naseebullah Shahwani (Quetta District President) lauded Shaheed Bhutto as a visionary leader who championed the rights of the people and strengthened democracy in Pakistan.

They highlighted his efforts in crafting a strong constitution, promoting social justice, and empowering the marginalized sections of society. The leaders emphasized that under the leadership of Chairman Bilawal Bhutto Zardari, the PPP remains dedicated to fulfilling the promises made by its founder, particularly focusing on improving the lives of the people through initiatives aimed at providing them with basic necessities like food, clothing, and shelter.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 06 JAN 2025 Page No. 3


## بلوچستان میں دہشتگردوں کو شکست دیئے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا کسی صورت قبول نہیں، دہشتگردی کی ان کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے، سلیم کھوسہ، عاصم کرد گیلو، بخت محمد کاکڑ

امن و امان یقینی بنانے کیلئے حکومت ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے، عوام کے تحفظ کیلئے پرعزم ہیں، حاجی ولی محمد نورزئی، سردار مسعود لونی

دہشتگردی کے خاتمے میں رکاوٹ برداشت نہیں کریں گے، نجیب کمار، زرک خان مندوخیل و دیگر کے تربت میں دہشتگردی واقعہ پر مذمتی بیانات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے تربت میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے.........

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے واقعہ کو بزدلانہ عمل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں اور ایسے واقعات انسانیت کے دشمنوں کی ذہنیت ظاہر کرتے ہیں دہشت گردی کی ان کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، یہ بات صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، پارلیمانی سیکرٹری جنگلات سردار مسعود لونی اراکین اسمبلی نجیب کمار اور زرک خان مندوخیل نے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان یقینی بنانے کیلئے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

MASHRIQ QUETTA

## جام شہادت نوش کرنیوالے سیکورٹی فورسز جوان ہمارے ہیرو ہیں، میاں خان بگٹی

محب وطن قبائل اور بہادر افواج کی موجودگی میں دشمن عناصر کسی صورت اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے

تربت میں ہونے والے المناک سانحہ کی ہر فورم پر مذمت کرتا ہوں، پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم و انرجی کا افسوس کا اظہار

سبی (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم و انرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے آفیسران و جوان ہمارے ماتھے کے جھومر ہے ان کی دی جانے والی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیں گے تربت میں ہونے والے المناک سانحہ کی ہر فورم پر مذمت کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار گزشتہ رات تربت میں ایف سی اہلکاروں کی بس پر ہونے والے خودکش دھماکہ پر دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے وڈیرہ میاں خان بگٹی نے بگٹی کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے ملک دشمن عناصر بلوچستان سمیت ملک کا امن تباہ کرنے کی سازش میں مگن ہے مگر محب وطن قبائل اور بہادر افواج کی موجودگی میں دشمن عناصر کسی صورت اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے انہوں نے تربت میں دہشت گردوں کے حملے میں جام شہادت نوش کرنے والے تمام آفیسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے ہمارے سروں کے تاج ہے ان کی ملک و قوم کے لئے دی جانے والی قربانیاں کسی صورت رائیگان نہیں جانے دی جائے گی تمام شہداء کے درجات کی بلندی لواحقین کو صبر جمیل کے لئے دعا گو ہوں وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لئے محب وطن قبائل افواج پاکستان ایف سی کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی دیوار بنا کر کھڑے ہیں ملک دشمن عناصر کی ہر سازش کو ناکام بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## معصوم افراد کو نشانہ بنانا کسی صورت قبول نہیں، بخت محمد کاکڑ

ایسے واقعات انسانیت کے دشمنوں کی ذہنیت کو ظاہر کرتے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے تربت میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس واقعے کو بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے یہاں جاری اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں اور ایسے واقعات انسانیت کے دشمنوں کی ذہنیت کو ظاہر کرتے ہیں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ دہشت گردی کی ان

بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے انہوں نے دھماکے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی وزیر صحت نے یقین دلایا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی جائے گی بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور عوام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔

## عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سیکرٹری

**ذخیرہ شدہ گندم کو خراب ہونے سے بچانے کیلئے بروقت اقدامات کیے جائیں، مظفر ذیشان لہڑی کی پشین دورہ کے موقع پر بات چیت**

پشین (نامہ نگار) سیکرٹری محکمہ خوراک بلوچستان مظفر ذیشان لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں گزشتہ روز پشین میں محکمہ خوراک کے پی آر سنٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر پشین فوڈ جمعہ خان، اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر سید جمیل آغا اور سیف الرحمان کاکڑ بھی انکے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری خوراک نے نئے زیر تعمیر گوداموں کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے گوداموں میں ذخیرہ شدہ گندم کے معیار کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر سید جمیل آغا نے تفصیلی بریفنگ دی جس پر سیکرٹری نے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ذخیرہ شدہ گندم کو خراب ہونے سے محفوظ رکھنے کیلئے بروقت اقدامات کیے جائیں اس موقع پر انہوں نے نئے زیر تعمیر گوداموں کے کام کو جلد از جلد مکمل کر کے استعمال میں لانے کیلئے متعلقہ آفیسران کو ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے توقعات پورا اترنے کے لئے محکمہ کا تمام سٹاف حاضری یقینی بنائے اس موقع پر انہوں نے محکمہ خوراک کے ملازمین کی حاضری اور ضلعی افسران کی کارکردگی پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں اچانک موبائل فون سروس بند کردی گئی

**شہریوں کو اپنے رشتہ داروں سے رابطوں میں مشکلات کا سامنا**

**رات گئے تک معلوم نہیں ہوسکا کہ موبائل سروس کیوں بند کی گئی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں رات گئے موبائل فون سروس معطل کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں گزشتہ شب تمام موبائل فون کمپنیوں کے نیٹ ورک بند کردیے گئے جس کی وجہ سے موبائل فون صارفین کو اپنے پیاروں سے رابطوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، دوسری جانب ذرائع سے معلوم.......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کرنے کے باوجود اس رات گئے اس بات کی تصدیق نہیں ہوسکی کہ موبائل فون سروس بند کرنے کی بنیادی وجہ کیا ہوسکتی ہے، تاہم بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موبائل فون سروس بند ہونے سے صارفین کو مشکلات کا سمنا کرنا پڑا۔

INTEKHAB QUETTA

## کرسچن گورلیس چرچ کوئٹہ میں اقلیتی طلباء کیلئے آگاہی سیشن کا انعقاد

**اقلیتی طلباء کو ملک بھر کے بہترین کیڈٹ کالجز اور رہائشی اسکولز میں مکمل فنڈنگ فراہم کی جائے گی، اسسٹنٹ منیجر بیف**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان کے اقلیتی طلباء کے لیے بینظیر بھٹو فلی فنڈڈ اسکالرشپ اسکیم (BEEF) کے تحت سال 2025 میں پاکستان اور بلوچستان کے معیاری تعلیمی اداروں میں شاندار مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں اسی سلسلے میں بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے زیر اہتمام، چیف ایگزیکٹو آفیسر بیف محمد زکریا خان بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

نورزئی کے ہدایت پر اسسٹنٹ منیجر بیف سنزر خان کی نگرانی میں کرسچن گورلیس چرچ میں اقلیتی طلباء کے لیے ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اسسٹنٹ منیجر بیف نے سیشن سے خطاب کے دوران کہا کہ اس اسکیم کے تحت اقلیتی طلباء کو بلوچستان اور پاکستان کے بہترین کیڈٹ کالجز اور رہائشی اسکولز میں مکمل فنڈنگ فراہم کی جائے گی انہوں نے کہا کہ سال 2024 میں اس اسکیم کے ذریعے 37 طلباء کو منتخب کیا گیا تھا، جبکہ سال 2025 کے لیے مزید 50 طلباء کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا منصوبہ ہے۔

## شہید بھٹو کی خدمات پاکستان کی تاریخ کا روشن باب ہیں، نواب زہری

**انہوں نے 1973 کے آئین کی تشکیل میں مرکزی کردار ادا کیا، خطاب، بھٹو کے یوم پیدائش کا کیک بھی کاٹا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کی میزبانی جھالاوان ہاؤس کراچی میں پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنماؤں کا ایک اہم مشاورتی اجلاس ہوا۔ مشاورتی نشست سے پہلے نواب ثناء خان زہری و دیگر سینئر رہنماؤں سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج صوبائی وزیر ایریگیشن محمد صادق عمرانی ارگنائزنگ کمیٹی کے جنرل سیکریٹری صابر بلوچ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید محمد اقبال شاہ میر باز محمد کھیتران نے قائد عوام بانی پاکستان پیپلز پارٹی شہید ذوالفقار علی بھٹو کے 97 ویں یوم پیدائش کا کیک کاٹا۔ رہنماؤں نے قائد عوام کی جمہوریت اور وطن عزیز کے لیے لازوال قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری و دیگر سینئر رہنماؤں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے ایک عظیم رہنما اور عوام کے دلوں میں بسنے والے سیاستدان تھے۔ ان کی پیدائش 5 جنوری 1928 کو لاڑکانہ، سندھ میں ہوئی۔ بھٹو نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز ایک نوجوان اور پرجوش رہنما کے طور پر کیا اور بہت جلد پاکستان کی سیاست میں اہم مقام حاصل کیا۔ بھٹو شہید نے پاکستان کے پہلے عوامی وزیر اعظم تھے جنہوں نے 1973 کے آئین کی تشکیل میں مرکزی کردار ادا کیا۔ ان کا نعرہ روٹی، کپڑا اور مکان ہر پاکستانی کی بنیادی ضروریات کے حصول کا وعدہ تھا۔ انہوں نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کو مضبوط بنایا اور اسلامی دنیا کو قریب لانے کے لیے OIC کے قیام میں اہم کردار ادا کیا 5 جنوری ان کی سالگرہ کا دن ہمیں ان کی قربانیوں، عوامی خدمت اور پاکستان کے لیے ان کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ شہید بھٹو کی شخصیت اور خدمات ہمیشہ پاکستان کی تاریخ کا ایک روشن باب رہیں گی۔

## شاہرگ سے اغواء ہونے والا تاجر بازیاب کرایا جائے، این ڈی ایم

**ضلع ہرنائی کے لوگ غیر محفوظ بھتہ خوروں اور مسلح گروپوں کے رحم و کرم پر ہیں، بیان**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں شاہرگ سے تاجر نذر محمد سیلاچی کے اغواء اور خوست میں کول مائنز کے مزدوروں کو لوٹنے کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے تاجر کی فوری بازیابی، اغواء کاروں اور مزدوروں کو لوٹنے میں ملوث ڈاکوؤں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا گیا ہے بیان میں کہا گیا کہ ضلع ہرنائی میں دہشت گردی، بھتہ خوری، بدامنی، لاقانونیت انتہاء کو پہنچ چکی ہیں عوام کی جان و مال اور تجارت و کاروبار مکمل طور پر غیر محفوظ اور عوام یرغمال ہیں کچھ ہرنائی شاہراہ کی تعمیر بند کر کے اسے تباہ کرنے، ہرنائی سنجاوی روڈ کو ٹرانسپورٹ کیلئے بند کر کے ماہانہ کروڑوں روپے کا بھتہ سر عام وصول کیا جا رہا ہے اب مائنز اونرز اور تاجروں کی اغواء کے واقعات بھی شروع ہو چکے ہیں جو ریاستی اداروں کی سرپرستی کے بغیر ممکن نہیں بیان میں کہا گیا کہ ضلع ہرنائی کی انتظامیہ مکمل طور پر مفلوج اور ان واقعات کی ذمہ داری سے لاتعلق ہے ضلع کے عوام، تاجر، کول مائن اونرز، ٹھیکیدار، مزدور، ٹرانسپورٹر سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد دہشت گردوں، بھتہ خوروں، اغواء کاروں اور جرائم پیشہ عناصر اور مسلح گروپوں کے رحم و کرم پر ہیں جس کی وجہ سے لوگوں میں سخت تشویش، غم و غصہ اور ردعمل پیدا ہو رہا ہے قیام امن کیلئے فیصلہ کن تحریک کا وقت آ چکا ہے جو سیاسی جمہوری جماعتوں کی اولین ذمہ داری ہے۔

## ادارے حملے کی تفتیش کر کے عوام کو مطمئن کریں، عبدالخالق ہزارہ

**انتہا پسند سوچ نے نئی نسل سے منزل چھین لی، عیادت کرنے والوں سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کا حصہ بن کر قوم کی سماجی، سیاسی اور معاشی استحکام میں کردار ادا کرنے کی تاکید کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر صحت مندانہ اور منفی سرگرمیوں کے ساتھ انتہا پسند سوچ و نظریات نے ہماری نئی نسل سے ان کی منزل چھین کر انہیں غیر حقیقی اور غیر ضروری سرگرمیوں میں معروف کر رکھا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ معاشرے کے دانشور اور باشعور حلقے نوجوانوں کے احساسات کو سمجھتے ہوئے انکی درست سمت میں رہنمائی کیلئے کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مزاج پرسی کرنے والے جماعتی رہنماؤں، کارکنوں، نوجوانوں، معززین و معتبرین سمیت مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپنی رہائشگاہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہر معاشرہ ملکی قوانین پر عمل کرنے کا پابند ہوتا ہے اگر کوئی فرد کسی قسم کی غیر قانونی حرکت کا مرتکب یا کسی جرم میں ملوث ہوتا ہے تو ضروری ہے کہ اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی تسکین کیلئے دوسروں کا سکون خراب کریں میرے اہل خانہ اور مجھ پر حملہ کسی بڑی سازش کا حصہ ہو سکتا ہے قانون نافذ کرنے والے ادارے ہر طرح سے تفتیش کر کے عوام کو مطمئن کریں وہ دیکھیں کہ اس حرکت میں ملزم کے ساتھ کون شامل تھے اور انکے مقاصد کیا تھے ملزم کے اس عمل نے ہزارہ قومی سماج میں تحفظ کے احساس پر سوالات اٹھائے ہیں ہمیں دیکھنا چاہیے کہ ہمارے معاشرے میں کیا خامیاں اور کمزوریاں موجود ہے۔

## جمہوریت اور الیکشن ملک میں ڈھونگ بن چکا ہے، جے یو آئی

**پی بی 45 کے انتخابی نتائج عوامی رائے پر ڈاکہ ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا خدائے دوست، حافظ مسعود احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ سراج الدین، حاجی ولی محمد بڑیچ، میر اسحاق، ذاکر شاہوانی عبدالصمد حقیار مولانا خلیل احمد اخوند زادہ مولانا محمد عارف شمشیر مولانا محمد شعیب جدون اور دیگر رہنماؤں نے پی بی 45 میں چوتھے نمبر پر آنے والے امیدوار کی جیت کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جمہوریت کے ساتھ کھلا مذاق اور عوامی رائے پر ڈاکا ہے اس طرح کے نتائج جمہوریت کی پیٹھ میں خنجر گھونپنے کے مترادف ہیں ایسے اقدامات عوام کے اعتماد کو تباہ کر رہے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ جمہوری نظام کو یرغمال بنانے والے اور عوام دشمن عناصر حالات کی خرابی کے براہ راست ذمہ دار ہوں گے رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں جمہوریت اور الیکشن صرف ایک ڈھونگ بن چکا ہے، جسے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملک کو ان عوام دشمن عناصر سے پاک کیا جائے اور شفافیت اور انصاف پر مبنی نظام قائم کیا جائے، جمعیت علماء اسلام کے ساتھ دھوکہ دہی پر عوام اور کارکنان اپنے حق کے تحفظ کے لیے میدان میں نکلنے کے لیے قائدین کے حکم کے منتظر ہوں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 06 JAN 2025

Page No.


# وفاقی حکومت بلوچستان کے ساحل و وسائل لوٹ رہی ہے، مولانا ہدایت الرحمن

تعلیم وصحت سمیت دیگر بنیادی حقوق سے بھی لوگ محروم آج بھی طاقت کے زور پر انہیں تنگ کیا جارہا ہے، امیر جماعت اسلامی

صوبے کے نوجوان بیروزگار، سی پیک کا اصل محور بلوچستان لیکن اس کے منصوبے پنجاب وسندھ میں بن رہے ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

نصیرآباد (نامہ نگار) جماعت اسلامی نصیرآباد کے زیراہتمام ایک عظیم الشان جلسہ منعقد، جلسے میں جماعت اسلامی کے صوبائی امیر رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ انجینئر عبدالمجید بادینی۔ صوبائی نائب امیر بشیراحمد ماندائی نائب امیر ڈاکٹر عطاء الرحمان ضلع نصیرآباد کے سابق امیر خاوند بخش مینگل پروفیسر محمد ابراہیم ایڈووکیٹ مولانا عبدالواحد زہری سمیت دیگر نے شرکت کی جلسہ عام

بقیہ 5،6 صفحہ نمبر

سے جماعت اسلامی کے صوبائی امیر رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں نے بلوچستان کو پسماندگی اور احساس محرومی کے سوا کچھ نہیں دیا وسائل سے مالا مال بلوچستان کے حقوق غصب کر کے صوبے کے عوام کو مایوسی اور بیروزگاری میں مبتلا کر دیا گیا ریکوڈک اور گوادر جیسے ساحل کے وسائل وفاقی حکومت لوٹ کر لے جارہی ہے اور روزگار کے دروازے عوام کیلئے بند کردیے گئے ہیں پیٹرول اور دیگر سامان لیکر روزگار کرنے والوں کو بھی بند کردیا گیا ہے تعلیم اور صحت سمیت دیگر بنیادی حقوق سے بھی لوگوں کو محروم رکھا جارہا ہے آج بھی طاقت کے زور پر مختلف طریقوں سے لوگوں کو تنگ کیا جارہا ہے اور ان کی آواز کو دبایا جارہا ہے تاکہ وہ اپنے حقوق کیلئے آواز بلند نہ کرسکیں انہوں نے کہا کہ سی پیک کا اصل محور بلوچستان ہے مگر سی پیک کے منصوبے پنجاب اور سندھ میں بن رہے ہیں اور بلوچستان میں کوئی بھی سی پیک کا ایک منصوبہ تک نہیں جو ظلم وزیادتی اور ناانصافی کی آخری حد ہے اب بھی اگر بلوچستان کے عوام خاموش رہے تو پھر اس صوبے کے عوام کا اللہ ہی حافظ ہے وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچستان کے عوام اپنے حقوق کیلئے جماعت اسلامی کے حق دو تحریک میں شامل ہو جائیں تاکہ ان جابر حکمرانوں سے اپنے حقوق حاصل کرسکیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے لیویز فورس ختم کرنے کی بجائے ایف سی کی چیک پوسٹوں کو ختم کر کے عوام کی تذلیل بند کی جائے انہوں نے کہا کہ لیویز فورس صوبے کی رسم ورواج سے واقف ہے اور وہ ایک علاقائی فورس ہے اسے ختم کرنے کی بجائے جدید خطوط پر استوار کیا جائے انہوں نے کہا کہ نصیرآباد کے مسائل حل کرنے کیلئے 12 نکاتی ایجنڈے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اگر حکومت نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک لاکھ لوگوں کو اکٹھا کر کے کوئٹہ میں احتجاجی جلسہ منعقد کرینگے جلسہ عام سے جماعت اسلامی کے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر عبدالمجید بادینی اور صوبائی نائب امیر بشیراحمد ماندائی نے کہا کہ جماعت اسلامی ہی غریب عوام کو جاگیرداروں اور سرمایہ داروں سے نجات دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

# ضمنی الیکشن میں پیپلز پارٹی کی کامیابی ترقی پسندانہ سوچ کی عکاس ہے، عبدالقدوس بزنجو

حلقے کے عوام نے رکن اسمبلی علی مدد جتک پر جو اعتماد کا اظہار کیا ہے جو قابل تحسین ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

پیپلز پارٹی حلقے کی تعمیر وترقی کو یقینی بناتے ہوئے عوام کی اُمیدوں پر پورا اترے گی، خوشحالی کے دور آغاز ہوگا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پارٹی کے رہنماء حاجی علی مدد جتک کی ری پولنگ کے دوران دوبارہ کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اس اُمید کا اظہار کیا ہے کہ حلقے کے عوام نے ان پر جو اعتماد کا اظہار کیا ہے جو قابل تحسین ہے کیونکہ پیپلز پارٹی پہلے بھی اس حلقے سے کامیاب ہوئی تھی اور ایک بار پھر پیپلز پارٹی کے نامزد اُمیدوار حاجی علی مدد جتک

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی طاقت سے کامیاب ہوئے کیونکہ ان کی کامیابی حلقے کے عوام اور پیپلز پارٹی کی حلقے اور صوبے میں ترقی پسندانہ سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ میں حاجی علی مدد جتک کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کے وہ دوبارہ کامیاب ہونے کے بعد حلقے کی تعمیر وترقی کو یقینی بناتے ہوئے عوام کی اُمیدوں پر پورا اتریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No U

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 3


## واشک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی اہلکار شہید

[illegible]

اہلکار اسرار احمد نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے کریمنالوجی میں ایم فل کی تھی، ورثاء کا شدید احتجاج

واشک (این این آئی) واشک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی اہلکار شہید ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز واشک بازار میں اپنے مکان میں بیٹھے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے کریمنالوجی میں ایم فل کرنے والے نوجوان اسرار احمد کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا۔ شہید ......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی میں ایس آئی کے عہدے پر تعینات تھے ذرائع کے مطابق ذاتی رنجش سے قتل کی شکایت کی گئی تاہم تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی شہید کو جب ابتدائی طبی امداد کے لیے واشک اسپتال منتقل کیا گیا تو وہ دم توڑ گئے ورثاء نے قاتل کی عدم گرفتاری پر پولیس کی گاڑی پر پتھراؤ کی اور احتجاج کرتے ہوئے اس کے شیشے توڑ دی گی

INTEKHAB QUETTA

## خضدار: 3 سال سے لاپتا قادر سمالانی کا راز کھل گیا، دوست ہی قاتل نکلے

کاروباری لین دین کے بہانے قادر کو اپنے ساتھ لے جا کر ویرانے میں قتل کرکے وہیں دفن کر دیا تھا، قاتلوں کا جرگے میں اعتراف

**تین سال تک بیٹے کی تلاش میں عدالتوں اور قبائلی سرداروں کے دروازے کھٹکھٹاتے رہے، انصاف جرگے میں ملا، والد کی گفتگو**

خضدار (نیوز رپورٹر) خضدار کے علاقے سے گزشتہ سے لاپتہ ہونے والے قادر سمالانی کی گمشدگی کا راز بالآخر تین سال بعد ایک ہولناک انکشاف کے ذریعے منظر عام پر آ گیا ہے۔ قاتل کوئی اور نہیں، بلکہ وہی دوست نکلے جن پر اعتماد تھا۔ اس انکشاف نے پورے علاقے میں سنسنی پھیلا دی۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے مینگل ہاؤس میں حاجی محمد اقبال مینگل اور میر یاسر احمد مینگل کی قیادت میں بلوچی جرگہ منعقد ہوا، جس میں قادر سمالانی کی گمشدگی کے کیس پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ جرگے میں شامل دونوں قاتلوں کا تعلق اقوام سمالانی اور عمرانی سے ہے، جنہوں نے اپنے جرم کا اعتراف کرتے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

ہوئے قادر سمالانی کی لاش کی نشاندہی کی۔ ان قاتلوں نے بتایا کہ کاروباری لین دین کے بہانے قادر سمالانی کو اپنے ساتھ لے جا کر ویرانے میں قتل کر دیا اور وہیں دفن کر دیا۔ عبدالکریم سمالانی، جو کہ قادر سمالانی کے والد ہیں، تین سال تک اپنے بیٹے کی تلاش میں عدالتوں اور قبائلی سرداروں کے دروازے کھٹکھٹاتے رہے، مگر انصاف کی کوئی صورت نہ نکلی۔ آخرکار مینگل ہاؤس میں بلوچی جرگے کے ذریعے اس کیس کو حل کیا گیا اور مجرموں نے اپنے جرم کا اعتراف کیا۔ اس جرگے میں میر محمد طیب مملانی، مولوی علی اکبر مینگل، میر عبدالرزاق سمالانی، میر فیض محمد عمرانی اور دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔ یہ واقعہ صرف ایک دردناک کہانی ہے بلکہ ظلم کے خلاف جدوجہد اور انصاف کے حصول کی ایک مثال بھی ہے، جو آخرکار کامیابی سے ہمکنار ہوئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated 06 JAN 2025 Page No. 9

# کوئٹہ: ایک بار پھر منشیات کی آماجگاہ میں تبدیل، نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر

## نوجوانوں کا منشیات کی طرف بڑھتا ہوا رجحان معاشرے میں سنگین مسئلہ بن چکا ہے، جس کی سب سے بڑی وجہ معاشی مشکلات، بے روزگاری اور تفریحی مواقع کی کمی ہے

### مختلف علاقوں میں نشے کے عادی افراد اور مافیا نے ڈیرے ڈال دیے ہیں منشیات فروشوں کی آزادانہ نقل و حرکت اس لعنت سے نوجوان نسل راغب ہو رہی ہے اعلیٰ حکام نوٹس لیکر مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوجوانوں کا منشیات کی طرف بڑھتا ہوا رجحان معاشرے میں سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ جس کی سب سے بڑی وجہ معاشی مشکلات، بے روزگاری اور تفریحی مواقع کی کمی ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں منشیات کے عادی افراد اور منشیات فروشوں مافیا نے ڈیرے ڈال دیے ہیں سرعام منشیات کا استعمال اور فروخت کیا جا رہا ہے نوجوان نسل اس طرف راغب ہو رہی ہیں اعلیٰ حکام نوٹس لیکر کریک ڈاؤن کا آغاز کریں واضح رہے کہ پہلے کوئٹہ میں صرف سی نالہ میں منشیات فروخت اور منشیات کے عادی افراد آ کر منشیات استعمال کرتے تھے لیکن اب یہ مافیا کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور خصوصاً معروف شاہراہوں تک بھی پہنچ چکے ہیں سرعام شاہراہوں پر بیٹھ کر نشئی منشیات

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

چھاپوں اور کاروائیوں میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برامد کر لیے گئے ہیں گزشتہ ماہ دسمبر میں اٹھ مجرموں سے بڑی مقدار میں منشیات پکڑے گئے جن کے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہوئے ان پر ایف ائی ار درج کر کے ان کو سلاخوں کے پیچھے ڈالا گیا ایس پی پشین عبداللہ احسان نے میڈیا ہاؤس پشین کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے خلاف خصوصی ٹیم اینٹی نارکوٹکس سیل قائم کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ منشیات ایک ایسا خوش ذائقہ زہر ہے جو کہ ایک سازش کے تحت ہماری نوجوان نسل کی رگوں میں سرایت کر کے اسے معاشرے کا عضو معطل بنایا جا رہا ہے۔ اس وقت پشین پولیس کی منشیات کے خلاف جنگ (War on Drugs) ہر طرف جاری ہے منشیات کی دلدل ہمارے سماجی و اقتصادی ڈھانچے کے لیے ایک زبردست خطرہ ہے انہوں نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ پشین کی عوام اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے ہم اپنی پوری قوت کے ساتھ آگے آ کر پولیس کی مدد کریں پشین کے عوام کو چاہیے کہ سماج کے تئیں ایک فکرمند شہری کے طور پر اپنا منفرد کردار ادا کریں تب جا کر ہم منشیات کی وباء سے بچ سکتے ہیں ایس پی پشین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سماج دشمن عناصر کو بھرپور قوت سے کچلنے کیلئے کاروائیاں جاری رہیں گی اور منشیات سمگلر جتنے بھی مہارت سے مکروہ دھندے کو انجام دینے کی کوشش کرینگے انکے ناپاک عزائم کو عوام کے تعاون سے ناکام بنا دیا جائے گا ایس پی پشین عبداللہ احسان نے کہا کہ پشین کے اے ایریا میں ڈاکوؤں، جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا تمام پولیس افسران اور تھانہ انچارجز کو سختی ہدایات دی ہیں کہ وہ جرائم کی سرکوبی کے ساتھ معاشرتی برائیوں کے خاتمے میں بھی اپنا کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے اپنے پیشہ ورانہ فرائض احسن طریقے سے ادا کریں فرائض میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایس پی پشین عبداللہ احسان نے مزید کہا کہ ہر شہری ہمارے لئے اہم ہے، پولیس افسران خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ سائلین اپنے مسائل کی شنوائی کے لئے دفتری اوقات میں براہ راست میرے دفتر تشریف لا سکتے ہیں ایس پی پشین نے پولیس ٹیم کو اس کامیاب کاروائیوں پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات فروش معاشرے کے ناسور ہیں اور پشین پولیس ایسے ہی منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے گی ورین اثناء عوامی، سیاسی، سماجی، تجارتی حلقوں نے ضلع پشین کے اے ایریا میں پولیس کی مثالی قیام امن اور منشیات فروشوں خاص طور نشہ آور مصنوعات کے گھناؤنے دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پشین پولیس کو اس طرح کے آپریشن کرنا چاہیں تاکہ ہم اپنی نوجوان نسل کو اس سے محفوظ بنا سکیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 16


## خضدار میں مہنگائی کا جن بے قابو، مرغی فی کلو 800 روپے ہوگئی

**انڈے فی درجن قیمت 360 روپے پر برقرار مارکیٹ میں انڈوں کی پیٹی 9 ہزار روپے میں بیچی جارہی ہے**

پیاز من مانی ریٹ 150 اور ٹماٹر 300 روپے فروخت میں فروخ، پھل بھی غریب کی پہنچ سے دور ہوگئے، شہری

**مارکیٹ میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں، پرائس کنٹرول کمیٹی غائب**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں خودساختہ مہنگا?ی میں اضافہ شہر بھر میں مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت 800 روپے مقرر کردی ہے پرا?س کنٹرول کمیٹی غا?ب سرکاری نرخنامہ کی وجود نہیں سالہا سال سے غریب سادہ لوح عوام خودساختہ مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کی حالت نہ بدل سکی مرغی گوشت انڈے اور پرچون کی قیمتیں ?سمان کو چھونے لگی ہے مرغی 800 روپ ?ے کلو پر فروخت ہو رہا ہے۔ فارمی انڈوں کی فی درجن قیمت 360 روپے پر برقرار ہے، مارکیٹ میں انڈوں کی پیٹی 9 ہزار روپے میں بیچی جارہی ہے۔ ادھر سرکاری ریٹ لسٹ میں 3 سبزیوں اور 4 پھلوں کے نرخ بڑھ گئے، مارکیٹ میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں، پیاز کی سرکاری قیمت 100 روپ ?ے ہے اور من مانی ریٹ 150 اور اسی طرح ٹماٹر 300 روپ ?ے فروخت ہورہا بیلھسن 700، ادرک 420، سبز مرچ 400 روپے کلو میں دستیاب ہے، ٹینڈے اور ا?لو 150، کریلے 200، پھول گوبھی 150، بھنڈی 300 روپے کلو میں بیچی جا رہی ہے۔ پھلوں میں فروٹر 250 روپے درجن، انار دانہ 820، انگور 450، سیب 320 روپے کلو میں بک رہا ہے۔ خضدار میں مہنگا?ی دن بدن بڑھتی جارہی ہے شہری من مانی ریٹ کی وجہ سے رل گ?ی ہے خضدار کے عوامی حلقوں نیڈپٹی کمشنر خضدار و دیگر حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے۔

## قلات میں خون جمادینے والی سردی، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ گیس مکمل غائب

شدید سردی کی وجہ سے پانی کے ٹینکس اور پائپس ٹوٹنے لگیسرکوں اور تالابوں میں کھڑا پانی جم گیا

**لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا قلات میں پارہ منفی 9 ریکارڈ، شہری گھروں میں محصور ہوگئے**

قلات (نمائندہ مشرق) قلات شہر اور گردونواح میں گزشتہ روز کی بارش اور برف باری کے بعد خون جمادینے والی سردی میں تیزی آگئی ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کم سے کم درجہ حرارت منفی 9 ریکارڈ کیا گیا ہے محکمہ موسمیات قلات شدید سردی میں سوئی گیس مکمل غائب اور بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوگئی ہے شہر میں سوختنی لکڑی ناپید ہوچکی ہے شہری ایل پی جی گیس مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں شدید سردی سے چلتی گاڑیاں بھی ائیرلاک ہونے لگے ہیں سردی کی وجہ سے پانی کے ٹینکس اور پائپس ٹوٹنے لگیسرکوں اور تالابوں میں کھڑا پانی جم گیا جبکہ سخت سردی سے تمام کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا لوگوں سرے شام گھروں کو لوٹ گئے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 11


## جائنٹ روڈ پر سبزی فروٹ ریڑھیوں کی یلغار، ٹریفک کو شدید مشکلات

**سبزی فروٹ ریڑھیوں کی یلغار، ٹریفک کو شدید مشکلات، چوڑی سڑک نہایت تنگ گلی میں تبدیل، پولیس بے بس، عوامی حلقوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (رپورٹ: حماد اللہ سیاپادرند) جائنٹ روڈ پر سبزی فروٹ ریڑھیوں کی یلغار، ٹریفک کو شدید مشکلات کا سامنا، چوڑی سڑک نہایت تنگ، ایمرجنسی ٹریفکنگ بھی متاثر، پولیس بے بس اور سطحی اقدامات تک محدود، عوامی حلقوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق جائنٹ روڈ جس کی توسیع پر کروڑوں روپے خرچ کیے گئے تاکہ عوام اور ٹریفک کو سہولت ہو مگر افسوس کہ یہ منصوبہ سبزی وفروٹ ریڑھی بانوں کے ہاتھوں اپنی افادیت کھو چکا ہے یہاں اسپنی روڈ چوک سے ارباب کرم خان روڈ چوک تک سڑک کی دونوں جانب کھڑی ریڑھیوں کی وجہ سے ٹریفک کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عین سڑک کے بیچ ریڑھیاں اس طرح کھڑی کی جاتی ہیں گمان نہیں ہوتا کہ یہ سڑک ہے ایسا لگتا ہے کہ یہ سبزی یا فروٹ منڈی ہے اور گاڑی والے قصوروار ہیں کہ یہاں سے گزرتے ہیں یقین جانیئے کہ یہ وسیع سڑک ہمیشہ ایک تنگ گلی بنی رہتی ہے یہاں ایمرجنسی ٹریفک جیسے ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں بھی نکلنے کیلیے راہ نہیں پاتیں دن کے وقت ارباب کرم خان روڈ والی سائیڈ اور مغرب کے بعد اسپنی روڈ والی سائیڈ سے تو موٹر سائیکلیں تک نہیں نکل سکتیں یہاں لاؤڈ اسپیکروں کا ایک ایسا شور برپا رہتا ہے کہ اللہ کی پناہ، حالانکہ سولہ ایم پی او کے تحت ان لاؤڈ اسپیکروں کا استعمال ممنوع ہے مگر مجال ہے کہ ان سے کوئی پوچھے کیونکہ پوچھنے والا محکمہ یا ادارہ پولیس ہے اور پولیس کی بے بسی کسی نے دیکھنی ہو تو یہاں آکر دیکھے کہ کس طرح چھوٹے چھوٹے بچے اس قومی فورس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کا مذاق اڑاتے ہیں پولیس اب محض سطحی اقدامات تک محدود ہوکر رہ گئی ہے دکھائی دیتی ہے تو ریڑھی والے قریبی گلیوں میں چلے جاتے ہیں پولیس آگے نکلتی ہے تو یہ دوبارہ سڑک پر اُمڈ آتے ہیں بارہا انہیں پولیس سے بحث وتکرار کرتے بھی دیکھا گیا ہے بے چاری پولیس کو بھتہ لینے کے طعنے بھی سننے پڑتے ہیں عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ خدارا اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## مرغی کے گوشت کی قیمت میں بڑا اضافہ، قیمت عوام کی پہنچ سے باہر

**برائلر مرغی کے گوشت کی قیمت میں فی کلو 450 روپے کا اضافہ دیکھا گیا، مارکیٹ ذرائع**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں دو ہفتوں کے دوران زندہ برائلر مرغی اور مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت میں بڑا اضافہ دیکھنے میں آیا، مارکیٹ ذرائع کے مطابق زندہ برائلر مرغی 285 سے بڑھ کر 530 روپے کلو ہوگئی جبکہ برائلر مرغی.........

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کے گوشت کی قیمت 700 روپے کلو سے تجاوز کر گئی، جبکہ اندرون بلوچستان مختلف اضلاع میں مرغی کا گوشت 800 تک فروخت ہو رہا ہے برائلر مرغی کے گوشت کی قیمت میں فی کلو 450 روپے کا اضافہ دیکھا گیا۔

## اوستہ محمد میں موسم سرد، دھند میں اضافہ، روزمرہ امور شدید متاثر

**گیس بجلی ناپید اوستہ محمد اور پس گردائی میں سردی کی شدت زور پکڑ گئی کاروباری حضرات کو پریشانی**

**دھند سے ٹریفک کی آمدورفت میں شدید مشکلات کوئٹہ اور کراچی سے آنیوالے گاڑیاں تاخیر کا شکار**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد اور پس گردائی میں موسم سرد۔ دھند میں اضافہ لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے۔ گیس بجلی ناپید اوستہ محمد اور پس گردائی میں شدید سردی کی لہر دھند سے سردی کی شدت زور پکڑ گئی کاروباری حضرات کو شدید پریشانی بجلی اور گیس ناپید لوگ گھروں میں لکڑی۔ گوبر کا استعمال کرنے لگے جبکہ مالدار لوگ گھروں میں ایل پی جی کا استعمال کر رہے ہیں۔ دھند سے ٹریفک کی آمدورفت میں بھی شدید مشکلات کوئٹہ اور کراچی سے آنے والے کوچ اور دیگر مسافر گاڑیاں دیر سے پہنچتے ہیں مسافروں کو بھی پریشانی کا سامنا ہو رہا ہے عوامی حلقوں نے گیس اور بجلی کو یقینی بنانے اور سپلائی کا مطالبہ کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06-JAN 2025 Page No. 12

## بلوچستان اسمبلی، لیویز ختم بی ایریا کو اے ایریا میں ضم کی قرارداد کمیٹی داخلہ کے سپرد

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں 25 منٹس کی تاخیر سے شروع ہوا اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹس، قانون سازی کے علاوہ 2 قراردادیں پیش کی گئی اور ایک تحریک التواء پر بحث کی گئی۔ رکن اسمبلی میر زابد علی ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 2024-25 میں ضلع واشک کے کالجوں کے قیام سے متعلق بسیمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لئے مختص شدہ بجٹ جاری کرنے کے متعلق کیا اقدامات اٹھائے ہیں اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا ہے۔ تو ضلع واشک کے کالجوں کے قیام کے لیے بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں، بعدازاں ایوان نے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی کی یقین دہانی کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا وزیر محکمہ صنعت وتجارت نے بلوچستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیشنز کا مسودہ قانون 2025 ایوان میں پیش کیا جس کو ایوان نے بلوچستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیشنز کا مسودہ قانون 2025 قائمہ کمیٹی کے حوالے کردیا۔ اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا کہ اراکین اسمبلی عوامی مسائل کے حل کیلئے یکجا ہیں، بلوچستان کے سکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے، کوئٹہ کے سکولوں کی یہ حالت تو اندرون صوبہ سکولز کی کیا حالت ہوگی محکمہ تعلیم کے افسرز غیر حاضر ہوں گے تو اساتذہ کو کون پوچھے گا۔ رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ نے کہا کہ میرے حلقے کے تعلیمی مسائل کو حل نہیں کیا جارہا ہے، قلعہ سیف اللہ میں 200 پرائمری سکول بند ہیں قلعہ سیف اللہ میں 877 اساتذہ کی آسامیاں خالی ہیں بہت سے سکولز میں صرف ایک استاد پڑھتا ہے، میرے حلقے میں ایس ایس ٹی سائنس اور جنرل کی خالی ہیں 877 خالی اسامیوں کو بجٹ میں شامل کیا جائے۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی رحمت صالح بلوچ نے یونس عزیز زہری، قائد حزب اختلاف، نواب محمد اسلم خان رئیسانی، سید ظفر علی آغا، مولانا ہدایت الرحمن، اصغر علی ترین اور ام کلثوم اور دیگر اراکین کی جانب سے لیویز فورس کو ختم اور بی ایریا کو اے ایریا میں شامل کرنے کو روکنے کے لئے مشترکہ قرارداد پیش پیش کی۔ قرارداد کے متن کے مطابق صوبہ کی قومی اور وعلاقائی فورس لیویز فورس کو بہتر انداز میں مضبوط کیا جائے، لیویز فورس امن وامان بحال کرنے میں صوبہ کے 85% رقبے میں تاریخی کردار ادا کر رہی ہے وزیراعلی بلوچستان کے اعلان اور حکم کے باوجود محکمہ داخلہ نے لیویز فورس کو جدید اسلحہ، بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی اور جدید طرز کی تربیت کیلئے اقدامات نہیں اٹھائے اب شنید میں آیا ہے کہ صوبہ کے عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لئے بغیر لیویز فورس کو ختم کر کے بی ایریا کو اے ایریا میں شامل کرنے کے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں لیویز فورس کو ختم کے اعلان کی وجہ سے صوبہ کے عوام میں سخت تشویش پائی جارہی ہے۔ مطالبہ ہے کہ لیویز فورس کو ختم اور بی ایریا کو اے ایریا میں شامل کرنے کو روکنے کے اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ قرارداد پر محرک رکن رحمت صالح بلوچ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ لیویز فورس نے ہر دور میں امن وامان کو برقرار رکھا ہے، لیویز فورس کو زیادہ منظم کیا جائے، اربن ایریا میں اے ایریے کی نسبت جرائم کی شرح میں کم ہے، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ مشرف دور میں بھی لیویز فورس کو ختم کردیا گیا، مشرف دور میں لیویز فورس کو ختم کرنے کا تجربہ ناکام رہا ہے، اس اسمبلی نے لیویز فورس کو بحال کردیا تھا، لیویز بی ایریا میں سب کو جانتے ہیں لیکن پولیس کسی کو نہیں جانتا۔ رکن اسمبلی برکت علی رند نے مطالبہ کیا کہ لیویز فورس کی پوسٹیں بڑھائی جائے، لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، رکن اسمبلی جہانزیب مینگل نے کہا کہ لیویز فورس تنازعات ختم کرواتی ہے اس فورس کو ختم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، رکن اسمبلی خیر جان بلوچ نے کہا کہ لیویز فورس نے بلوچستان کے حالت کنٹرول کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، لیویز فورس قبائلی روایات کی مطابق کام کرتی ہے، تمام فورسز ہماری ہے لیویز فورس کی تمام ضرورت پوری کی جائے تاکہ امن وامان کو مزید بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرسکے، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے کہا کہ لیویز کو ختم کرنے کرنے کا کوئی معاملہ کابینہ کے سامنے نہیں آیا ہے، لیویز فورس ختم کروانے والے وضاحت کریں۔ رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ کارکردگی کی بات کی جائے تو 3 سو ایسے ادارے ہیں جن کو ختم ہونا چاہیے، لیویز کو اختیارات اور وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ وہ امن وامان قائم کرسکے صوبے سے باہر کی کوئی فورس صوبے میں امن قائم نہیں کرسکتی، رکن اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اسمبلی میں حل ہونے چاہیے، بلوچستان کو تجربہ گاہ بنانے کی بجائے زمینی حقائق کو نظر انداز نہ کیا جائے لیویز فورس کو برقرار رکھا جائے، بلوچستان کے عوام حقوق کا احترام کیا جائے کسی کی خواہشات پر لیویز فورس کو ختم نہیں کیا جاسکتا لیویز فورس کو ختم کرنے پر احتجاج کیا جائیگا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 3


## اغواء ہونیوالے لوگوں کی بازیابی کیلئے سنجیدگی سے اقدامات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانے اور مغوی مصور کاکڑ اور شعبان سے اغواء ہونے والے لوگوں کی بازیابی کیلئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات اٹھارہی ہے کیونکہ یہ ایک حساس معاملہ ہے مصور کاکڑ کے والد سے رابطے میں ہوں جبکہ شعبان سے اغواء ہونے والوں کی ذمہ داری کالعدم تنظیم نے قبول کی ہے بلوچستان میں پولیس اور لیویز 2 متوازی فورس کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پولیس اور لیویز دو متوازی فورسز کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کے حوالے سے صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا ہوگا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنے والوں کو ایک موقع بات چیت کرنے کا دیتے ہیں اور ہم قانون کے مطابق اختیارات کو استعمال کرنا جانتے ہیں بلوچستان میں پولیس اور لیویز 2 متوازی فورس کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پولیس اور لیو: دو متوازی فورسز کب تک چلیں گی آج نہیں تو کل ہمیں لیویز کے حوالے سے صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا ہوگا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنے والوں کو ایک موقع بات چیت کرنے کا دیتے ہیں اور ہم قانون کے مطابق اختیارات کو استعمال کرنا جانتے ہیں لیکن احتجاج کرنے والوں کو قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والوں اور مریضوں کیلئے مشکلات پیدا کرنے کی بجائے ان کی مشکلات کو مدنظر رکھیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں کہا کہ کوئٹہ کے نواحی تفریحی مقام شعبان اور کوئٹہ سے اغواء ہونے والے مصور کاکڑ کے اغوا کے معاملات حساس ہیں میں مصور کاکڑ کے والد سے رابطہ میں ہوں شعبان سے اغوا کالعدم تنظیم نے کیا اور مصور کا اغوا تاوان کے لئے ہے لیویز فورس ایک قبائلی فورس ہے جس طرح ایف سی نے ریفارم کر کے ایک فورس بنی ہے اسی طرح لیویز کے لئے بھی

ریفارم کرنا ہوں گی۔ سکالرشپ پروگرام چل رہا ہے تو جوانوں کو تربیت کی فراہمی کیلئے کام جاری ہے اس حوالے سے نوجوانوں کو نومبر دسمبر میں بھیجنا تھا لیکن اس ماہ پہلا بیچ چلا جائے گا۔ حلقہ پی بی 45 سے پیپلز پارٹی کامیاب ہوگی کیونکہ پہلے بھی پیپلز پارٹی نے یہ سیٹ جیتی تھی اور عوام کے تعاون سے کامیابی حاصل کی تھی اور دوبارہ کریں گے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں اضافی بجلی ہونے کے باوجود صوبے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ہے بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں عوام کے ساتھ زیادتیاں کررہی ہیں بلز کی وجہ سے معاملات بہتر نہیں ہورہے بلوچستان کے حالات اور درجہ حرارت کو متنی حوالے سے مدنظر رکھتے ہوئے بجلی اور سوئی گیس کی فراہمی یقینی بنانی چاہئے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں اضافی بجلی ہونے کے باوجود صوبے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ہے بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں عوام کے ساتھ زیادتیاں کررہی ہیں بلز کی وجہ سے معاملات بہتر نہیں ہورہے بلوچستان کے حالات اور درجہ حرارت کو متنی حوالے سے مدنظر رکھتے ہوئے بجلی اور سوئی گیس کی فراہمی یقینی بنانی چاہئے تاکہ لوگ سردی سے بچ سکے کیونکہ کمپنیاں صوبے کے عوام کو پوری گیس اور بجلی دینے کی پابند ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily:

Bullet No

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 4


## بلوچستان حکومت عوامی مفاد میں فیصلے کرے گی!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ جب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت قائم ہوئی ہے اس نے اب تک عوامی مفاد کے کاموں کو ترجیح دی ہے اس نے عوام کے مفاد میں ایسے کام کئے ہیں جو سابقہ حکومتیں نہیں کرسکی تھیں جو کہ یقیناً خوش آئند بات ہے۔

گذشتہ روز بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ بلوچستان حکومت عوامی مفاد میں فیصلے کرے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپوزیشن کی جانب سے لیویز فورس ختم اور بی ایریا کو اے ایریا میں ضم کرنے کی مخالفت میں پیش کی گئی قرارداد پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں بی ایریا کو اے ایریا میں تبدیل کرنے کا فیصلہ بیک جنبش قلم نہیں لیں گے۔اس معاملے پر ارکان اسمبلی اپنی تجاویز قائمہ کمیٹی میں پیش کریں ہم ان سفارشات پر عمل کریں گے۔لیویز کو مکمل ختم کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔قبل ازیں اپوزیشن ارکان اسمبلی نے ایوان میں ایک قرارداد پیش کی حکومت لیویز کے زیرانتظام علاقے کی تبدیلی کے معاملے پر ایوان ،عوام اور لیویز اہلکاروں کو مطمئن کرے۔لیویز فورس کو کسی صورت ختم نہیں [illegible]

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں مذکورہ خطاب قابل تعریف ہے جس میں انہوں نے واضح کردیا ہے کہ بلوچستان حکومت عوامی مفاد میں فیصلے کرے گی۔اپوزیشن نے لیویز فورس ختم اور بی ایریا کو اے ایریا میں ضم کرنے کی مخالفت میں جو قرارداد پیش کی ہے یہ بلاشبہ اس کا حق ہے کیونکہ اپوزیشن کا بھی ایک اہم مقام ہے اس کے بغیر جمہوریت مکمل نہیں ہوتی لیکن یہاں اپوزیشن کو جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیے۔کیونکہ وزیراعلیٰ نے واضح کردیا ہے کہ حکومت جلدی میں ایسا کوئی اقدام نہیں کرے گی۔اس سلسلے میں انہوں نے اپوزیشن ارکان سے تجاویز طلب کرلی ہیں۔اس پر وہ عوامی مفاد کے فیصلے ہی کریں گے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے مذکورہ بیان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسے اقدامات کریں جن میں صوبے اور اس کے عوام کا مفاد ہو۔اس کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کو بھی حکومت کے اچھے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے اس کا ساتھ دینا چاہیے۔کیونکہ سیاست تنقید برائے تنقید نہیں۔بلکہ تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے۔اپوزیشن کو حکومت کے اچھے کاموں کی تعریف کرنی چاہیے۔کیونکہ ایسا کرنا ہی صوبے اور اس کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

CamScanner

P-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 5

# NGIA wings of change and bridging frontiers

On January 10, 2024, the New Gwadar International Airport (NGIA) will officially commence regular flight operations, marking a significant milestone in not just Pakistan's aviation history, but also in the narrative of its ambitious infrastructural developments under the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC). The airport, built with a remarkable investment of $55 billion, stands as a testament to the successful completion of CPEC projects, showcasing the potential economic ramifications that this collaboration can foster. The inauguration of the NGIA was virtually officiated by Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif alongside his Chinese counterpart in October 2023. Strategically located in the Gurandani area of Gwadar, 26 kilometers away from the previous airport, the NGIA spans 4,300 acres and is equipped to support large aircraft, including the A380 and Boeing 747; which speaks volumes about its design and operational capacities. The airport features a runway measuring 3,658 meters in length and 75 meters in width, ensuring that it can handle a substantial volume of international air traffic. The introduction of the Oman-Muscat flight service from this airport is not merely a testament to its functionality, but also an indication of its strategic importance as a potential transit hub for travelers. NGIA is designed to accommodate approximately 4 million passengers annually, fostering greater connectivity between Pakistan and key regions, such as Central Asia and the Middle East. This pivotal connectivity not only enhances tourism but can also facilitate trade, attracting business investments and creating job opportunities in the region.

The infrastructural prowess of the NGIA is complemented by its modern facilities, including an advanced air traffic control tower and comprehensive emergency responses for areas such as crash landings or fire situations. The Pakistan Airport Authority has issued the aerodrome certificate, confirming that all arrangements for takeoff, landing, taxiways, and apron facilities are complete and meet international

CLIPPING SERVICE

P-2

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 16

standards. This is crucial for assuring international airlines and travelers of the safety and efficiency of operations at NGIA. The planning for the airport reflects foresight; space has been allocated for banks and ATMs, warehouses, courier services, cargo sheds, technical ground support equipment, cold storage, hotels, and shopping malls. This holistic approach indicates that the airport aims to be more than just a travel hub it seeks to create an ecosystem conducive to business and tourism that can significantly impact the local economy. The NGIA's establishment will undoubtedly reinforce Gwadar's position as a critical node in global shipping and trade due to its proximity to the deep-sea port, which is already instrumental in linking landlocked countries in Central Asia with international markets. This synergy between sea and air transport services opens the doors to further investments and opportunities for the local community and the broader regional economy.

As we look towards the future, the New Gwadar International Airport serves not merely as a transportation hub but as a symbol of progress and development. It embodies the aspirations of a nation to connect with the world, enhance economic opportunities, and rise as a significant player on the global stage. The successful operationalization of this airport, resulting from international collaboration and investment, is a step towards realizing Pakistan's potential and integrating into the ever-evolving global economy. NGIA does not just promise increased connectivity; it heralds a transformative era for the region, amplifying Pakistan's economic narrative and making the dream of becoming a trade and logistics hub a reality. As operations commence, it is vital for stakeholders government, private sector, and community to work collaboratively to ensure that the benefits of this significant development are realized, paving the way for sustainable growth in Gwadar and beyond.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 06 JAN 2025

Page No.



صحبت پور: صوبائی وزیر سلیم کھوسہ ڈی سی آفس اور ایس پی آفس روڈ کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں



حب: صوبائی وزیر علی حسن زہری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



اوستہ محمد: صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل جمالی سے میر ملاح شہلیانی ملاقات کر رہے ہیں

CS CamScanner